05-07-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1- بھارت نے Trinidad & Tobago کے ساتھ چھ معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جس کا مقصد دواسازی سمیت بہت سے شعبوں میں تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔

2- وزیراعظم نریندر مودی نے Trinidad & Tobago کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، عالمی جنوب کو اُس کے حقوق دلانے کے لیے اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر اعلیٰ ترین سطح پر کام کرے گا۔

3- وزیراعظم پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے تیسرے مرحلے کے تحت ارجنٹینا کی راجدھانی بوئنس آئرس پہنچے۔ وہ آج شام صدر Javier Milei سے بات چیت کریں گے۔

4- تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت نے تجارتی سودے، اپنی شرطوں پر کیے ہیں اور وہ کسی بھی شرط کو اُس وقت قبول کرے گا جب وہ قومی مفاد میں ہوگی۔

5- عالمی چیمپین گُکیش Dommaraju نے، کروئیشیا کے شہر Zagreb میں Grand Chess Tour 2025میں، Rapidکا خطاب جیت لیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں:

بھارت، برمنگھم ٹیسٹ میں میزبان انگلینڈ کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں 244 رن کی مجموعی سبقت کے ساتھ اپنا کھیل دوبارہ شروع کرے گا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.Overall PM Trinidad and Tobago

وزیراعظم نریندر مودی نے Trinidad and Tobago کی اپنی ہم منصب کملا پرساد بِسیسرسے بہت سے موضوعات پر بات چیت کی۔ انھوں نے یہ گفتگو پورٹ آف اسپین کے مشہور ریڈ ہاؤس میں کی۔ اِس کے بعد دونوں ملکوں نے بہت سے شعبوں میں تعاون میں اضافہ کرنے کے، چھ معاہدوں پر دستخط کیے، جن میں بنیادی ڈھانچہ اور دوا سازی کے شعبے شامل ہیں۔

وزیراعظم نے Trinidad and Tobago کی صدر کرسٹینا کارلا کنگالو سے بھی، پریزیڈنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ اِس سے پہلے دن میں وزیراعظم مودی نے، Trinidad and Tobagoکی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ اِس موقع پر انھوں نے کہا کہ ترقی پذیر دنیا کی آواز اب بھی دبی ہوئی ہے اور بھارت، عالمی جنوب کو اُس کے حقوق دلانے کے لیے، اپنے شراکت داروں کے ساتھ اعلیٰ ترین سطح پر مل کر کام کرے گا۔

عالمی حکمرانی میں اصلاحات کی اپیل کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پرانے ادارے، امن اور ترقی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں جبکہ عالمی جنوب ابھر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ ایک نئے اور شفاف عالمی نظام کے خواہشمند ہیں۔ انھوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے خلاف لڑائی کو تقویت دیں، جس سے امن پسند سماج کو شدید خطرہ لاحق ہے۔

Trinidad and Tobagoکے، وزیراعظم کے دورے کی خبریں دینے والی ہماری نامہ نگار نے یہ خصوصی رپورٹ بھیجی ہے۔

V/C Sakshi

وزیراعظم کے دورے کے دوسرے دن چھ مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے اور انھوں نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے تاریخی خطاب کیا۔ انھوں نے عالمی جنوب کو ترقی دینے کے بھارت کے عزم کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریت، محض ایک نظام سے زیادہ تو ہے ہی، یہ ایک طرزِ حیات بھی ہے۔ انھوں نے Trinidad & Tobago کے ریڈ ہاؤس کو، خود کو حالات کے مطابق ڈھالنے کی ایک علامت قرار دیا۔

اِس کے بعد دونوں ملکوں کے رہنماؤں نے چھ مفاہمت ناموں کا لین دین کیا، جن میں سفارتی تربیت، کھیل کود، ICCRکا قیام، ثقافتی تبادلوں اور کم خرچ دواؤں کے شعبوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

یہ اعلان بھی کیا گیا کہ بھارت، Trinidad & Tobagoمیں طلبا کو دو ہزار لیپ ٹاپس فراہم کرے گا۔

اِس سے پہلے دن میں وزیراعظم کو اِس ملک کے اعلیٰ ترین قومی ایوارڈ

Order of the Republic of Trinidad & Tobago

سے نوازا گیا۔ OCIکی توسیع کے بارے میں کَل کے اعلامیے اور بھارتی برادری کی تقریب کے ساتھ ہی یہ دورہ جامع طور پر کامیاب رہا۔ ثقافت سے لے کر اقتصادی معاملات، صلاحیت سازی، صحت اور مختلف میدانوں میں اشتراک کی وجہ سے یہ دورہ، صحیح معنوں میں کامیاب رہا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان جامع تعلقات میں ایک سنگِ میل رہا ہے۔

پورٹ آف اسپین سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

Rev. PM Argentine Visit

وزیراعظم نریندر مودی Trinidad & Tobago کے اپنے کامیاب دورے کے بعد آج صبح ارجنٹینا کی راجدھانی بوئنس آئرس پہنچ گئے ہیں۔ وہ پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے تیسرے مرحلے میں یہاں پہنچے ہیں۔ اُن کے اِس دورے کا مقصد، عالمی جنوب کے ساتھ، بھارت کی سرگرمیوں کا اعادہ کرنا ہے۔

وزیراعظم کا، ارجنٹینا کا یہ دورہ آج شام، جنرل Jose de San Martin کے مجسمے پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کے ساتھ شروع ہوگا، جو ارجنٹینا کے قابل احترام مجاہد آزادی اور قومی ہیرو تھے۔

اِس کے بعد جناب مودی کو ایک باقاعدہ استقبالیہ دیا جائے گا اور پھر وہ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے اور ظہرانے کی ایک تقریب میں شرکت کریں گے، جس کا اہتمام صدر Javier Milei نے کیا ہے۔

Rev. PM Bricks Summit

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 6 اور 7 تاریخ کو برازیل کے Rio de Janeiro میں برِکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس کے بعد وہ Brasillia کا باہمی دورے کریں گے۔ تقریباً 6 دہائیوں میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا اُس ملک کے لیے یہ

پہلا دورہ ہوگا۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی سربراہ کانفرنس کے موقع پر برازیل کے صدر

Luiz Inacio Lula da Silvaکے ساتھ تبادلہئ خیال کریں گے اور ساتھ ہی ساتھ دیگر کئی عالمی لیڈروں کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

عیش و عشرت اور فٹبال کے تئیں گہری دلچسپی اور دلکش پہاڑوں، سمندر اور ہری سبزیوں کے لیے مشہور Rio de Janerio  سترہویں BRICS سربراہ کانفرنس کی میزبانی کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ سربراہ کانفرنس کا مقام جدید آرٹ کے میوزیم اور دوسری دلچسپ سرگرمیوں سے جڑا ہوا ہے۔ یہ سیاحتی مقام اب دنیا کے لیڈروں کے لیے ایک  پلیٹ فارم ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی دیگر 10 ملکوں کے ساتھ بات چیت کریں گے،  BRICSفورم کے اراکین میںBolivia ، کیوبا، قزاخستان، ازبیکستان، ملیشیا اور ویتنام سمیت 10 ساجھے دار ملک ہیں، جو اِن مذاکرات کا حصہ ہوں گے۔ BRICS کی عالمی جی ڈی پی میں 39 فیصد اور عالمی تجارت میں 23 فیصد کی حصہ داری ہے۔

اس کی براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں 24 فیصد اور تیل کی عالمی پیداوار میں حصہ داری اور تعاون بھی شامل ہے۔ BRICS کی صدارت میں برازیل نے 6 ترجیحات کو ترجیحی دی ہے، جن میں عالمی صحت، تجارت، سرمایہ کاری اور مالیہ کے علاوہ آب و ہوا میں تبدیلی، مصنوعی ذہانت، انٹیلی جنس، حکمرانی، امن، سکیورٹی ڈھانچہ سازی اور ادارہ جاتی ترقی شامل ہے۔

بھارت اگلے سال BRICS سربراہ کانفرنس کی صدارت کرے گا۔

آکاشوانی خبروں کے لیے Rio de Jeneiro سے Sudhindra کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

Goyal FTA

تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت نے تجارتی سودوں کے بارے میں اپنی شرطوں پر  بات چیت کی ہے اور وہ کوئی ایسا تجارتی سودا کبھی نہیں کرے گا جس میں تبدیلی آتی رہے۔ امریکہ کے ساتھ تجارتی سودے کے بارے میں، نئی دلی میں نامہ نگاروں سے وزیر موصوف نے کہا کہ ایک آزاد تجارتی سمجھوتہ اُس وقت ہوتا ہے جب مفادات باہمی ہوں، انھوں نے یہ بھی ہوتا ہے کہ

تجارتی سودا کوئی ملک اُسی وقت تسلیم کرتاہے جب یہ پوری طرح باشعور طریقے سے تیار کیا جاتا ہے اور قومی مفاد میں ہوتا ہے۔ جناب گوئل نے یہ بھی کہا کہ معاہدوں سے متعلق مذاکرات مختلف ملکوں کے ساتھ جاری ہیں، جن میں امریکہ، یوروپی یونین اور نیو زیلینڈ شامل ہیں۔

HP Weather

ہماچل پردیش میں، شملہ کے محکمہئ موسمیات کے مرکز نے آج سے لے کر اس ماہ کی 9 تاریخ تک ریاست میں شدید سے بہت شدید بارش کے لیے وارننگ جاری کی ہے۔ جنوب مغربی مانسون کے مزید سرگرم ہونے کی وجہ سے توقع ہے کہ اتوار اور پیر کو بارش اپنے عروج پر پہنچ جائے گی، جس سے پہاڑی علاقوں میں بادل پھٹنے اور مٹّی کے تودے کھسکنے کا خطرہ پیدا ہوجائے گا۔ ریاستی سرکار نے لوگوں سے غیر ضروری سفر سے بچنے اور چوکنّا رہنے کی اپیل کی ہے۔ سیاحوں کو سختی کے ساتھ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ دریاؤں اور جھیلوں سے دور رہیں اور مقامی حکام کی طرف سے جاری کی گئیں ہدایات پر عمل کریں۔ سبھی ضلع انتظامیہ نے کسی بھی ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے ہائی الرٹ جاری کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

جنوب مغربی مانسون 22 جون کو ہماچل پردیش میں داخل ہو گیا تھا اور محض 2 ہفتوں میں ریاست بھر میں شدید بارش کی وجہ سے عام زندگی بری طرح متاثر ہوئی۔ اس مدّت کے دوران بادل پھٹنے، اچانک سیلاب اور مٹّی کے تودے کھسکنے کے مختلف واقعات کی وجہ سے کافی جانی اور مالی نقصان ہوا۔  بارش سے متعلق واقعات میں اُنہتر لوگ ہلاک ہو چکے ہیں اور 47 لوگ اب بھی لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ 223 مکانوں کو نقصان پہنچا ہے۔ NDRF اور SDRF کی طرف سے جنگی پیمانے پر راحت بازآباد کاری کا کام انجام دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ سُکھ وِندر سنگھ نے اُن لوگوں کے لیے پانچ-پانچ ہزار روپے کے ماہانہ امداد کا اعلان کیا ہے، جن کے اس آفت کی وجہ سے مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے قدرتی آفت سے ہوئے نقصان کے بارے میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ٹیلیفون پر بات کی اور وزیر داخلہ نے ہماچل پردیش کو ہر ممکن امداد کا یقین دلایا۔

رِتیش کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، گجرات، راجستھان اور ہماچل پردیش میں آج شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے آج کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی اسی طرح کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔

اسی دوران آج انڈومان نکّوبار جزائر، بہار، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفرآباد میں بجلی کڑکنے اور تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا بھی امکان ہے۔

دلّی NCR میں آج سے تیز ہوائیں اور بجلی کڑکنے کے ساتھ بارش ہوگی۔×

Bahuda Yatra Puri

اُڈیشہ کے پوری میں Bahuda Yatra کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ Bahuda Yatraکو رِٹرن کار فیسٹیول سے بھی جانا جاتا ہے، جو آج ہوگی۔ بھگوان جگنّاتھ، بڑے بھائی بال بھدر اور اُن کی بہن دیوی سُبھدرا کے تین بڑے رتھ Gundicha مندر کے سامنے کھڑے ہیں، جو شری جگنّاتھ مندر کے لیے اپنی واپسی کے سفر کے لیے تیار ہیں۔ ×

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ Gundicha مندر کے مقدس مقام سے دیوی دیوتاؤں کے رسمی جلوس مناسب رسم کے بعد تقریباً دوپہر کو شروع ہوگا۔×

Chess D Gukesh

Croatiaکے Zagreb میں، 2025 گراں شطرنج ٹور کے ریپڈ اور Blitz ٹورنامنٹ کے حصے میں موجودہ عالمی چیمپئن Gukesh Dommaraju نے ریپڈ کے زمرے میں خطاب جیتا ہے۔ 19 سالہ بھارتی کھلاڑی نے کل ریپڈ زمرے جیتنے کے لیے فائنل راؤنڈ میں امریکہ کے Wesly So کو شکست دی۔ Gukesh نے ریپڈ زمرے کی اپنی ساتویں

جیت حاصل کرنے کے لیے سفید مہروں کے ساتھ کھیلتے ہوئے 38 چالیں چلیں۔ 19 سالہ شطرنج کھلاڑی نے 14 پوائنٹ حاصل کیے، جو کہ ناممکن سی بات تھی۔ پولینڈ کے Jan-Krzysztof Duda نے 11 پوائنٹ کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ سابق چیمپئن اور دنیا کے نمبر ایک کھلاڑی، ناروے کےMagnus Carlsen ، 10 پوائنٹ کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے۔×

Rev. Cricket IND-ENG

Edgbaston, کے شہر Barminghamمیں دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن بھارت کل کے ایک وکٹ پر 64 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ مہمان ٹیم کو دوسرے ٹیسٹ میچ میں میزبان انگلینڈ کے خلاف دوسری اننگز میں مجموعی طور پر 244 رن کی سبقت حاصل ہے۔ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

Anderson-Tendulkar Trophyکے دوسرے ٹیسٹ کے تیسرے دن کے-ایل راہل اور Karun Nairکل کا کھیل ختم ہونے تک کریس پر موجود تھے۔

اس سے پہلے، بھارت کے تیز گیند باز محمد سراج نے 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، جبکہ آکاش دیپ نے 4 وکٹ حاصل کیے اور انگلینڈ کو اُن کی پہلی اننگ میں 407 رن سے آگے نہیں بڑھنے دیا۔

انگلینڈ کی طرف سےJammie Smith ، 184 رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، جبکہ Harry Brookنے میزبان ٹیم کے لیے 158 رن بنائے۔

انگلینڈ کو فی الحال 5 میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی سبقت حاصل ہے۔ اُس نے Leeds میں پہلے ٹیسٹ میں 5 وکٹ سے جیت حاصل کی تھی۔×

ECI SIR Bihar

الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ بوتھ سطح کے افسران BLOs نے بہار میں ایک کروڑ 50 لاکھ گھروں کا پہلا دورہ مکمل کر لیا ہے۔ ایک بیان میں کمشنر نے کہا ہے کہ ریاست میں تقریباً 7 کروڑ 90 لاکھ رائے دہندگان میں سے 6 کروڑ 86 لاکھ سے زیادہ مردم شماری Forms خصوصی نظرثانی کی مشق کے دوران تقسیم کیے گئے ہیں، جو ابھی جاری ہے۔ بوتھ سطح کے افسران BLO اپنی اس مشق کے دوران رائے

دہندگان کے مکانوں کا تین بار دورہ کریں گے۔ اس تعداد میں مزید اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے ذریعے ایک لاکھ 54 ہزار سے زیادہ بوتھ سطح کے ایجنٹس BLAs مقرر کیے گئے ہیں۔ وہ SIR کے پروسیز میں سرگرم تعاون بھی فراہم کر رہے ہیں۔×

Women T20 Cricket

خواتین کرکٹ میں، میزبان کل رات لندن کے اووَل کے مقام پر 5 میچوں کی سیریز کے تیسرے T20 بین الاقوامی میچ میں انگلینڈ نے بھارت کو 5 رن سے ہرا دیا۔ بھارت کو جیت کے لیے 172 رن کا نشانہ ملا تھا، لیکن وہ مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ کے نقصان پر 166 رن ہی بنا پائی۔ اسمرتی مندھانا نے 49 گیندوں میں 56 رن بنائے، جبکہ میزبان ٹیم کی طرف سے Lauren Filer نے 2 وکٹ حاصل کیے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......حسین

شکریہ - مجیب

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے ٹرینیڈاڈ اور ٹوباگو پہنچنے پر پُرجوش استقبال کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اِس موقع پر بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اُسے اپنی ثقافتی روایات کے تحفظ کے عزم کی تعریف کی اور کہا کہ بھارت نژاد لوگوں کی چھٹی پیڑھی کے لیے او سی آئی کارڈ جاری کیا جائے گا۔

آپریشن سندور میں بھارت نے تین دشمنوں کا مقابلہ کیا۔ چین نے پاکستان کو لائیو ڈیٹا دیا، ترکی نے ڈرون فراہم کیے ڈپٹی چیف آف آرمی اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل راہل آر سنگھ نے یہ جانکاری دی۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، انقلاب اور پرتاپ نے حج 2026 کے لیے درخواستیں دینے کا عمل اگلے ہفتے سے شروع کیے جانے کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

حج جائزہ میٹنگ کے بعد اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے نامہ نگاروں کو اس بات کی اطلاع دی۔

آستھا پونیا نے تاریخ رقم کی بھارتی بحریہ کی پہلی خاتون فائٹر پائلٹ بنیں۔ مگ 29 جیسے لڑاکا طیارے اڑائیں گی بحریہ نے انہیں ونگز آف گولڈ سے نوازا اس پر روزنامہ ملاپ نے توجہ مرکوز کی ہے۔

جبکہ انقلاب، ہندوستان ایکسپریس نے روس کے ذریعے طالبان حکومت کو تسلیم کی جانے کی خبرکواہمیت دی ہے۔ جس کے مطابق روس طالبان کو تسلیم کرنے والا پہلا ملک بن گیا ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت نے Trinidad & Tobago کے ساتھ چھ معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جس کا مقصد دواسازی سمیت بہت سے شعبوں میں تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔

2- وزیراعظم نریندر مودی نے Trinidad & Tobago کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، عالمی جنوب کو اُس کے حقوق دلانے کے لیے اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر اعلیٰ ترین سطح پر کام کرے گا۔

3- وزیراعظم پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے تیسرے مرحلے کے تحت ارجنٹینا کی راجدھانی بوئنس آئرس پہنچے۔ وہ آج شام صدر Javier Milei سے بات چیت کریں گے۔

4- تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت نے تجارتی سودے، اپنی شرطوں پر کیے ہیں اور وہ کسی بھی شرط کو اُس وقت قبول کرے گا جب وہ قومی مفاد میں ہوگی۔

5- عالمی چیمپین گُکیش Dommaraju نے، کروئیشیا کے شہر Zagreb میں Grand Chess Tour 2025میں، Rapidکا خطاب جیت لیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں:

بھارت، برمنگھم ٹیسٹ میں میزبان انگلینڈ کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں 244 رن کی مجموعی سبقت کے ساتھ اپنا کھیل دوبارہ شروع کرے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔